مطبوعات

اسلامی ریاست | تالیف: ڈاکٹر امیر حسن صدیقی صاحب صدر شعبۂ تاریخ اسلام، جامعہ کراچی، کراچی۔ ترجمہ: جناب نثار احمد صاحب۔ شائع کردہ: جمعیت الفلاح، کراچی قیمت مجلد ۸ روپے، غیر مجلد ۷ روپے۔ صفحات ۳۲۰۔

تاریخ کسی قوم کا ذہنی پس منظر ہے۔ اس پس منظر کو اچھی طرح جانے بغیر اُس قوم کے رجحانات اور مزاج کو اچھی طرح سمجھا نہیں جا سکتا۔ مسلمانوں کے ہاں ریاست کوئی وقتی اور ہنگامی ضرورت نہیں بلکہ اُن کی حیات اجتماعی کی تشکیل میں اس کا ایک نہایت اہم حصّہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس موضوع سے مسلمانوں کو ہر دور میں اچھی خاصی دلچسپی رہی ہے۔ مغربی استعمار سے آزاد ہو جانے کے بعد مسلمانوں کے اندر جب سے زندگی کی تعبیر نو کا احساس پیدا ہُوا ہے، اُس وقت سے خاص طور پر یہ موضوع اُن کی توجہ کا مرکز بنا ہُوا ہے۔ حضور سرورِ کائنات نے ایک مثالی ریاست کن خطوط پر قائم کی اور خلفائے راشدین نے اسے کس طرح کامیابی کے ساتھ چلایا، ان امور کے بارے میں تو بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ کتاب کے فاضل مصنف نے امتیازی کام یہ کیا ہے کہ اسلامی ریاست پر نظری اور اصولی حیثیت سے بحث کے ساتھ ساتھ اُن نقوش کی بھی نہایت واضح طور پر نشاندہی کی ہے جو اس مثالی ریاست نے انسانیت پر مرتب کیے ہیں۔ یہ کتاب درحقیقت اسلامی ریاست کا ایک نہایت کامیاب تاریخی جائزہ ہے۔

ڈاکٹر امیر حسن صدیقی صاحب نے اصل کتاب انگریزی میں لکھی۔ ان کے ایک ہونہار شاگرد جناب نثار احمد صاحب نے اسے اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ انھوں نے کتاب کو صرف اردو میں منتقل کر دینے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ جگہ جگہ مفید اضافے اور تعلیقات و حواشی لکھ کر کتاب کی افادیت کو بڑھا دیا ہے۔

یہ کتاب یُوں تو اسلامی تعلیمات سے شغف رکھنے والے فرد کے لیے مفید ہے لیکن خاص طور پر اسلامی تاریخ اور اسلامی علم سیاسیات کے طالب علموں کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ معیارِ کتابت وطباعت عمدہ ہے۔

تعلیم کی تشکیلِ نو | شائع کردہ: ادارہ مطبوعات طلبہ ۲/ ۴۰۶ نزد لسبیلہ مارکیٹ، کراچی۔ قیمت ایک روپیہ۔

اسلامی نظامِ تعلیم پر یہ چند نہایت قابلِ قدر مضامین کا مجموعہ جسے اسلامی جمعیتِ طلبہ پاکستان کے بعض ذہین اور ہونہار ارکان نے مرتب کیا ہے۔ اس مجموعے میں جن حضرات کے مقالات شامل ہیں وہ سب دنیائے اسلام کی جانی پہچانی اور معروف شخصیتیں ہیں۔ مثلاً مولانا محمد علی جوہر، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، جناب نعیم صدیقی صاحب۔ جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب اور سید معروف شاہ شیرازی۔ کتابت اور طباعت دیدہ زیب ہے۔

مجلہ اسوۂ حسنہ | مدیر: جناب عتیق احمد صاحب۔ شائع کردہ: انجمن اتحاد طلبہ، این۔ ای۔ ڈی گورنمنٹ انجینئرنگ کالج، کراچی۔

زیرِ تبصرہ مجلہ گورنمنٹ انجینئرنگ کالج کی آرٹس سوسائٹی کی ایک خاص علمی پیش کش ہے۔ یہ پیش کش اس اعتبار سے وقیع اور لائقِ ستائش ہے کہ اس میں نوجوان طلبہ نے انسانیت کے محسنِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کو نذرانۂ عقیدت پیش کیا ہے۔ مضامین کا انتخاب بڑی دیدہ وری سے کیا گیا ہے اور اشاعت میں عمدہ ذوق کا ثبوت دیا گیا ہے۔

مولانا محمد احسن نانوتویؒ | مرتبہ جناب محمد ایوب قادری صاحب ایم۔ اے۔ شائع کردہ: روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی بی، ون ایریا ۱/۲ لیاقت آباد کراچی قیمت چار روپے